**PRESS RELEASE**

For immediate release
September 23, 2022

# SECP allows listed companies to issue convertible debt through Right offer

ISLAMABAD, September 23: The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has notified the regulatory framework for issuance of Convertible Debt Securities (CDS) through right offer. This new framework will allow listed companies to achieve their growth objectives by raising finance in a timely and cost-effective manner.

This regulatory framework introduces a new product and way for raising capital. It also provides detailed mechanics for the same.

Presently, convertible debt is issued either by public offering or by private placement mode. Under the said Regulations, now the listed companies can also raise funds by issuing convertible debt to existing shareholders by way of Right offer.

It would provide an additional investment avenue for the shareholders and allow them to earn interest/profit, while also retaining the option to convert debt instrument into share capital.

Rights of CDS can also be renounced through Securities Exchange trading platform and can also be traded in the same manner as Letter of Right (LOR) of shares are presently traded.

Regulatory framework has been designed in line with the disclosure-based regime being followed globally. Special focus is placed on achieving a balance between investor protection and facilitation for the issuer(s).

The said Regulations can be accessed at SECP's website at https://www.secp.gov.pk/document/issuance-of-convertible-debt-securities-through-right-offer-regulations-2022/.

# ایس ای سی پی نے لسٹڈ کمپنیوں کو رائٹ آفر کے ذریعے کنور ٹیبل ڈیبٹ جاری کرنے کی اجازت دے دی

اسلام آباد، 23 ستمبر: سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے رائٹ آفر کے ذریعے کنور ٹیبل ڈیبٹ سیکیورٹیز (CDS) کے اجراء کے ریگولیٹری فریم ورک کو مطلع کر دیا ہے۔ یہ نیا فریم ورک لسٹڈ کمپنیوں کو بر وقت اور کفایت شعاری سے فنڈز اکٹھا کرنے میں مدد دے گا۔

اس ریگولیٹری فریم ورک سے سرمایہ اکٹھا کرنے کے لیے ایک نیا طریقہ متعارف کروایا گیا ہے اور اس کے تفصیلی میکانکس بھی بیان کیے گئے ہیں۔ فی الحال، کنور ٹیبل ڈیبٹ یا تو پبلک آفرنگ یا پرائیویٹ پلیسمنٹ کے ذریعے جاری کیا جاتا ہے۔ مذکورہ نئے ضابطوں کے تحت، اب لسٹڈ کمپنیاں رائٹ آفر کے ذریعے موجودہ شیئر ہولڈرز کو کنور ٹیبل ڈیبٹ جاری کر کے بھی فنڈز اکٹھا کر سکتی ہیں۔

یہ ریگولیٹری فریم ورک شیئر ہولڈرز کے لیے سرمایہ کاری کا ایک اضافی راستہ بھی فراہم کرے گا، انہیں منافع کمانے کی اجازت دے گا، اور ڈیبٹ کو شیئر کیپیٹل میں تبدیل کرنے کا اختیار بھی برقرار رکھے گا۔ کنور ٹیبل ڈیبٹ سیکورٹیز کے رائٹس کو سیکورٹیز ایکسچینج ٹریڈنگ پلیٹ فارم کے ذریعے ترک بھی کیا جا سکتا ہے اور اس کی تجارت بھی اسی طرح کی جا سکتی ہے جس طرح اس وقت شئیرز کے لیٹر آف رائٹ کی تجارت ہوتی ہے۔

اس ریگولیٹری فریم ورک کو عالمی سطح پر نافذ نظام کے مطابق ڈیزائن کیا گیا ہے۔ سرمایہ کاروں کے تحفظ اور جاری کنندگان کے لیے سہولت پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ ریگولیٹری فریم ورک ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر بھی شائع کر دیا گیا ہے https://www.secp.gov.pk/document/issuance-of-convertible-debt-securities-through-right-offer-regulations-2022/۔